روزنامہ راشٹریہ سہارا
بنگلور، 25/جون 2024،منگل
کھیل کھلاڑی
ورلڈ کپ 2024
ICC MEN'S T20
Tuesday 25 June,2024
SPORTS ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA

زمبابوے دورے کے لیے ٹیم انڈیا کا اعلان، شبھمن گل بنے کپتان

پہلی بار پراگ، ابھیشیک اور ریڈی کو ہندوستانی ٹیم میں ملی جگہ، تشار دیشپانڈے بھی شامل

نئی دہلی (ایجنسیاں)

نوجوان ریان پراگ، ابھیشیک شرما اور نتیش ریڈی کو آئی پی ایل میں اچھی کارکردگی کی وجہ سے پہلی بار دورہ زمبابوے کے لیے ہندوستانی کرکٹ ٹیم میں جگہ ملی ہے، جبکہ شبمن گل ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ سینئر کھلاڑیوں کپتان روہت شرما، ویراٹ کوہلی، ہاردک پانڈیا، سوریا کمار یادو، رویندرا جڈیجا اور جسپریت بمراہ جو ویسٹ انڈیز اور امریکہ میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کھیل رہے ہیں، کو آرام دیا گیا ہے۔ دورہ زمبابوے کا آغاز 6 جولائی سے ہوگا جس میں پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے جائیں گے۔

پراگ، ابھیشیک اور ریڈی کے علاوہ تشار دیش پانڈے، ہرشیت رانا، اویش خان اور رنکو سنگھ کو بھی آئی پی ایل میں اچھی کارکردگی کی وجہ سے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ ٹی20 ورلڈ کپ میں شرکت کرنے والے سنجو سیمسن اور یشسوی جیسوال کو بھی 15 رکنی ٹیم میں جگہ ملی ہے۔ گل اور اویش ٹی20 ورلڈ کپ کے ریزرو کھلاڑیوں میں شامل تھے جنہیں گروپ مرحلے کے میچوں کے بعد چھوڑ دیا گیا تھا۔ نئے کھلاڑیوں میں ابھیشیک اور پراگ نے آئی پی ایل کے اس سیزن میں اچھی بلے بازی کی۔ پنجاب کے بلے باز ابھیشیک نے آئی پی ایل میں سن رائزرس حیدرآباد کی جانب سے کھیلتے ہوئے 484 رنز بنائے جبکہ راجستھان رائلز کے پاراگ نے 573 رنز جوڑے۔

زمبابوے کے خلاف اس سیریز کے لیے ورلڈ کپ اسکواڈ میں منتخب کھلاڑیوں کو بھی ہندوستانی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ ان میں یشسوی جیسوال اور سنجو سیمسن شامل ہیں۔ ابھی تک، اسے امریکہ اور ویسٹ انڈیز کی میزبانی میں جاری ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 میں ہندوستان کے لیے کھیلنے کا موقع نہیں ملا ہے۔ اس کے علاوہ دورہ زمبابوے کے لیے ورلڈ کپ اسکواڈ میں ریزرو کھلاڑیوں کے طور پر منتخب کھلاڑیوں کو بھی موقع ملا ہے۔ ان میں شبمن گل، رنکو سنگھ اور خلیل احمد شامل ہیں۔

یہ چوتھا موقع ہوگا جب زمبابوے دوطرفہ ٹی 20 سیریز میں ہندوستان کی میزبانی کرے گا۔ اس سے قبل یہ سیریز 2010، 2015 اور 2016 میں کھیلی گئی تھی۔ ہندوستان نے 2010 اور 2016 میں کامیابی حاصل کی تھی۔ اس کے ساتھ ہی 2015 میں سیریز برابری پر ختم ہوئی۔

ہندوستانی ٹیم: شبمن گل (کپتان)، یشسوی جیسوال، رتوراج گائیکواڑ، ابھیشیک شرما، رنکو سنگھ، سنجو سیمسن، دھرو جورل، نتیش ریڈی، ریان پراگ، واشنگٹن سندر، روی بشنوئی، اویش خان، خلیل احمد، مکیش کمار، تشار دیشپانڈے۔

افغانستان کے پاس سیمی فائنل میں جگہ بنانے کا موقع

بنگلہ دیش کے خلاف بڑے مارجن سے جیت کی ضرورت، بنگال ٹائیگرس بھی پرامید

کنگسٹن (ایجنسیاں)

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغانستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ کھیلا جانا ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سپر ایٹ راؤنڈ کا اہم میچ کنگسٹن کے آرنوس ویل گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ اس میچ میں دونوں ٹیموں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ یہ میچ جیت کر افغانستان کی ٹیم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے اپنے امکانات کو بہتر بنانے کی کوشش کرے گی۔ اگر ہندوستانی ٹیم اس میچ سے پہلے آسٹریلیا کو ہراتی ہے تو افغانستان کو صرف جیتنا ہوگا اور اس کی ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ جائے گی۔

جبکہ اگر آسٹریلیا جیت جاتا ہے تو افغانستان کو اپنے نیٹ رن ریٹ کو بہتر بنانے اور پوائنٹس ٹیبل میں آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑنے کے لیے بنگلہ دیش کو بڑے مارجن سے شکست دینا ہوگی۔ بنگلہ دیش کے امکانات کم ہیں کیونکہ انہیں امید کرنی ہوگی کہ آسٹریلیا ہندوستان سے ہارے اور پھر افغانستان کو بڑے مارجن سے شکست دے کر اس بات کو یقینی بنائے کہ ان کا ناقص رن ریٹ افغانستان اور آسٹریلیا کے نیٹ رن ریٹ سے اوپر ہوجائے۔ اس میچ میں پچ کا کردار بہت اہم ہونے جارہا ہے۔

سینٹ ونسنٹ اسٹیڈیم میں گیند کو گھومنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ یعنی افغانستان اپنے اسپنرز کے ساتھ یہاں ایک مضبوط ٹیم ثابت ہوسکتا ہے۔ یہاں رن ریٹ بھی صرف 6.6 ہے۔ اوسط اسکور بھی صرف 131 رنز تھا۔ ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرنا فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔

توحید ہردوئے بنگلہ دیش کے لیے ہر میچ میں پرفارم کررہے ہیں۔ وہ ٹیم کے ٹاپ اسکورر ہیں۔ انہوں نے 6 میچوں میں 139 رنز بنائے ہیں۔ انہوں نے آسٹریلیا کے خلاف 40 رنز بنائے۔ رشاد حسین بنگلہ دیش کے لیے دوسرے ٹاپ وکٹ لینے والے بولر ہیں انہوں نے 6 میچوں میں 6.94 کی اکانومی کے ساتھ بولنگ کی اور 11 وکٹیں حاصل کیں۔ رشاد نے اس ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کے خلاف 2 اور نیدرلینڈ کے خلاف 3 وکٹیں حاصل کیں۔ فاروقی دنیا کے ٹاپ وکٹ لینے والے بولر ہیں، ایک میچ میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ اس ورلڈ کپ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔ انہوں نے 6 میچوں میں 15 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے یوگنڈا کے خلاف 9 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

دوسری طرف افغانستان کے کپتان راشد خان ٹی20 میں ٹیم کے سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔ انہوں نے کل 88 میچوں میں 142 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ اس ورلڈ کپ میں انہوں نے 6 میچوں میں 111 رنز بنائے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے 10 وکٹیں بھی حاصل کی ہیں۔ منگل کی صبح 6 بجے سے شروع ہونے والا یہ میچ دلچسپ ہونے کا امکان ہے۔

ملک کے لیے کھیلنے کو ترجیح دینی چاہئے: رووّمین پاول



نارتھ ساؤنڈ (ایجنسیاں)

ویسٹ انڈیز ٹیم کے کپتان رووّمین پاول جو کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے باہر ہوگئے تھے، نے کیریبین کرکٹ کی شان کو واپس لانے پر ٹیم کی تعریف کی ہے لیکن کھلاڑیوں سے درخواست کی ہے کہ وہ فرنچائز کرکٹ کے بجائے ملک کے لیے کھیلیں۔ دو بار کی چمپئن ویسٹ انڈیز کی ٹیم، جو گزشتہ دو ورلڈ کپ سے جلد باہر ہوگئی تھی، بارش سے متاثرہ سپر ایٹ مرحلے کے میچ میں جنوبی افریقہ کے ہاتھوں شکست کے بعد سیمی فائنل میں داخل ہونے سے محروم رہی۔ پاول نے میچ کے بعد پریس کانفرنس میں کہا کہ اب ملک کے لیے کھیلنے کی خواہش پھر سے جاگتی نظر آرہی ہے اور امید ہے کہ یہ جاری رہے گی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ویسٹ انڈیز جیسے چھوٹے کرکٹ بورڈ کے لیے فرنچائز کرکٹ کے لالچ کی وجہ سے اپنی بہترین ٹیم کا انتخاب کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا، ''یہ پچھلے ایک یا دو سالوں سے اچھا رہا ہے۔ امید ہے کہ کھلاڑی ہمیشہ ملک کے لیے کھیلنے کا انتخاب کریں گے۔ کپتان ہونے کے ناطے میں اس کی حوصلہ افزائی کرتا رہوں گا۔ فرنچائز کرکٹ میں دستیاب پیسے کی رغبت کے درمیان، ویسٹ انڈیز جیسے چھوٹے بورڈ کے لیے اپنی بہترین ٹیم کا انتخاب کرنا آسان نہیں ہے''۔ پاول نے کہا کہ ہم نے گزشتہ ایک سال سے اچھی کرکٹ کھیلی ہے اور درجہ بندی میں نویں سے تیسرے نمبر پر آگئے ہیں۔ ایک ٹیم کے طور پر، ہم اس کو آرڈینیشن کے ساتھ کام جاری رکھیں گے۔

جنوبی افریقہ کی نئی ٹیم دباؤ کو ہینڈل کرنا جانتی ہے: شمسی

ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچنے پر افریقی گیند باز خوش

نارتھ ساؤنڈ (ایجنسیاں)

جنوبی افریقی ٹیم کے اسپنر تبریز شمسی جو طویل عرصے سے 'چوکرز' کے لیبل کا سامنا کر رہے ہیں، نے کہا کہ نئی جنوبی افریقہ 'ٹیم نے اس ٹی 20 ورلڈ کپ میں دباؤ کا اچھی طرح سے سامنا کیا ہے۔ ایڈن میک کرم کی ٹیم تقریباً تمام میچوں میں قریبی جیت کے ساتھ ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہی ہے۔ جنوبی افریقہ نے نیپال کو ایک رن سے، بنگلہ دیش کو چار رنز سے اور انگلینڈ کو سات رنز سے شکست دی۔ اتوار کو اس نے میزبان ویسٹ انڈیز کو تین وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔

شمسی نے میچ کے بعد پریس کانفرنس میں کہا ''بہت سے میچ بہت قریب تھے جو نہیں ہونا چاہیے تھا۔ لیکن خوشی کی بات یہ ہے کہ یہ جنوبی افریقہ کی نئی ٹیم ہے جو دباؤ کے سامنے نہیں جھکتی۔'' انہوں نے کہا کہ ہم ہر میچ میں شدید دباؤ میں تھے لیکن کھلاڑی جیت کے راستے تلاش کرنے میں کامیاب رہے، چاہے میچ کتنا ہی قریب کیوں نہ ہو۔ ایک اکائی کے طور پر اکٹھے رہنا خوشی کی بات ہے۔'' تین وکٹیں لینے والے شمسی نے کہا، ''پچھلے میچ میں، میں نے اننگز میں دیر سے بولنگ کی اور 50 رنز دیے۔ یہ تنقید بھی ہوئی کہ میں پریشر وغیرہ نہیں سنبھال سکتا۔ لیکن مجھے لگتا ہے کہ میں نے کوارٹر فائنل جیسے میچ میں بہت زیادہ دباؤ میں جواب دیا ہے۔'' شمسی کو کیریبین پریمیر لیگ کھیلنے کا فائدہ بھی ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے گزشتہ پانچ چھ سالوں سے کیریبین پریمیر لیگ کھیلی ہے جس سے مجھے ویسٹ انڈیز کے کرکٹرز کو سمجھنے میں مدد ملی۔ واضح رہے کہ تبریز شمسی (تین وکٹ) اور دیگر گیند بازوں کی شاندار کارکردگی اور اس کے بعد ٹرسٹن اسٹبس (29) اور ہینرک کلاسن (22) کی اننگز کی بدولت جنوبی افریقہ نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ گروپ دو کے بارش سے متاثرہ میچ میں ویسٹ انڈیز کو تین وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ سر ویوین رچرڈز اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ویسٹ انڈیز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کو 136 رنز کا ہدف دیا تھا۔ جنوبی افریقہ کی اننگ میں بارش کی وجہ سے ڈک ورتھ لوئس رول کے تحت تین اوور کم کر کے 17 اوورز میں 123 رنز کا ہدف کردیا گیا۔ جسے جنوبی افریقہ نے 16.1 اوورز میں 7 وکٹوں پر 124 رنز بنا کر حاصل کرلیا۔

کرس جارڈن نے تاریخ رقم کردی

ورلڈ کپ میں ہیٹ ٹرک لینے والے پہلے انگلش گیند باز بنے

برج ٹاؤن/بارباڈوس (ایجنسیاں)

انگلینڈ کے تیز گیند باز کرس جارڈن نے امریکہ کے خلاف سپر-8 میچ کے دوران شاندار کارنامہ انجام دیا۔ کرس جارڈن (10/4) منزلی 20 انٹرنیشنل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے پہلے انگلش بالر بھی بن گئے۔ انہوں نے اپنی جائے پیدائش پر یہ کارنامہ انجام دینا ان کے لیے خاص تھا۔ جارڈن نے امریکہ کے علی خان (0)، نوسٹش کینز یگرے (0) اور سوربھ نیتر اولکر (0) کو کلین بولڈ کرتے ہوئے رواں ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں ہیٹ ٹرک کرنے کا کارنامہ انجام دیا۔ رواں ٹی20 ورلڈ کپ 2024 میں یہ تیسری ہیٹ ٹرک ہے۔ اس سے قبل آسٹریلیا کے پیٹ کمنس نے دو مرتبہ یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ اس سے قبل اننگز میں 35 سالہ دائیں ہاتھ کے تیز گیند باز جارڈن نے کوری اینڈرسن (29) کو ہیری بروک کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کیا تھا۔ جارڈن اور دیگر انگلش گیند بازوں کی بدولت انگلینڈ نے امریکہ کو صرف 115 رنز پر آل آؤٹ کردیا۔ کرس جارڈن نے کہا کہ ہیٹ ٹرک کرنا ایک ناقابل یقین احساس تھا۔ جارڈن نے اننگز کے وقفے میں کہا کہ اسے روکنا اچھا تھا۔ کسی خاص جگہ (بارباڈوس) پر ہیٹ ٹرک کرنا ہمیشہ اچھا لگتا ہے۔ خوشی ہوئی کہ میں ہدف کو نشانہ بنانے میں کامیاب رہا۔ ہم نے حالات کا بخوبی اندازہ لگایا، ہمیں معلوم تھا کہ وہ ہمیں پاور پلے میں سخت مقابلہ دیں گے، امریکہ نے رواں ٹورنامنٹ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کی۔ اس کے ساتھ ہی کرس جارڈن بالرز کی مشہور فہرست میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوگئے ہیں جن میں بریٹ لی، کرٹس کیمفر، وینندو ہسرنگا، کاگیسو ربادا، کارتک میپن، جوشوا لٹل اور آسٹریلیائی فاسٹ بالر پیٹ کمنز شامل ہیں، جنہوں نے ٹی20 ورلڈ کپ میں ہیٹ ٹرک کی ہے۔

الماٹی ایتھلیٹکس میٹ: نینا جیمز نے لمبی چھلانگ اور سرویش کشارے نے اونچی چھلانگ میں ٹائٹل جیتے

الماٹی (یو این آئی)

ہندوستانی ایتھلیٹکس نینا جیمز اور سرویش انیل کشارے نے کوسانوف میموریل 2024 ایتھلیٹکس میٹ میں بالترتیب خواتین کی لمبی چھلانگ اور مردوں کی اونچی چھلانگ کے ٹائٹل جیتے۔

قازقستان کے الماٹی میں اتوار کو اختتام پذیر ہونے والے اس دو روزہ ٹورنامنٹ میں ہندوستانی کھلاڑی نینا جیمس نے 6.39 میٹر چھلانگ لگا کر خواتین کے لانگ جمپ ایونٹ کا ٹائٹل جیتا اور سرویش کشارے نے 2.23 میٹر چھلانگ لگا کر ہائی جمپ ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کی کانسے کا تمغہ جیتنے والی نینا جیمز نے ہفتہ کو منعقدہ ایونٹ میں 6.39 میٹر کی بہترین کوشش کے ساتھ سات خواتین کے میدان میں سرفہرست رہی۔ قازقستان کی اناستاسیا ریپاکووا (6.06 میٹر) کے ساتھ دوسرے اور ایکاترینا اودیینکو (5.78 میٹر) کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہیں۔

تائیوان ایتھلیٹکس اوپن کے بعد بین الاقوامی میٹ میں یہ نینا کا دوسرا ٹائٹل ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے مارچ میں انڈین اوپن جمپ مقابلہ جیتنے کے لیے 6.67 میٹر کا ذاتی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ دریں اثنا، مردوں کے ہائی جمپ مقابلے میں ہندوستان کے سرویش انیل کشارے نے پہلے نمبر پر آنے کے لیے اپنے سیزن کی بہترین 2.23 میٹر کی برابری کی۔ ازبکستان کے امیر نا گیف 2.14 میٹر کے ساتھ دوسرے اور قازقستان کے الیگزینڈر تیموشین 2.08 میٹر کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔

مردوں کے ٹرپل جمپ مقابلے میں الڈوز پال 15.51 میٹر کی بہترین چھلانگ لگا کر پانچویں نمبر پر رہے۔ ازبکستان کے ایوان ڈینیسوف نے 16.26 میٹر کے ساتھ ایونٹ جیتا۔

مردوں کے 800 میٹر مقابلے میں سومناتھ چوہان (1:49.35) اور انکیش چودھری (1:49.43) بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ ایران کے شوبھن احمدی نے 1:49.01 ٹائمنگ کے ساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کی۔

ڈی کوک نے منفرد ریکارڈ اپنے نام کرلیا

نارتھ ساؤنڈ (ایجنسیاں) جنوبی افریقی وکٹ کیپر کوئنٹن ڈی کوک نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں نیا کارنامہ سرانجام دے دیا۔ ڈی کوک ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں وکٹوں کے پیچھے 100 شکار کرنے والے پہلے وکٹ کیپر بن گئے۔ ڈی کوک نے یہ سنگ میل آج ویسٹ انڈیز کے خلاف میچ میں کیشو مہاراج کی گیند پر راؤمن پاوول کا کیچ کرکے عبور کیا۔ ڈی کوک کے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز کے 100 شکار میں 82 کیچز اور 18 اسٹمپنگ شامل ہیں۔ اس فہرست میں دوسرا نام ہندوستان کے سابق وکٹ کیپر ایم ایس دھونی کا ہے، جن کے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں مجموعی طور پر 91 شکار ہیں۔

افغانستان کی ٹیم پاکستان اور سری لنکا سے بہتر: مائیکل وان

لندن (ایجنسیاں) سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے گزشتہ سال ورلڈ کپ میں پاکستان کو شکست دینے والی افغانستان کی ٹیم اور اب ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کو شکست دینے والی ٹیم کو ایشیا کی دوسری بہترین کرکٹ ٹیم قرار دیا ہے۔ مائیکل وان کا ماننا ہے کہ افغانستان کی کرکٹ ٹیم پاکستان اور سری لنکا سے بہت بہتر ہے۔ اتوار کو افغانستان نے آئی سی سی مینز ٹوئنٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر 8 مرحلے کے میچ میں آسٹریلیا کو 21 رنز سے شکست دے کر تاریخ رقم کی۔ آسٹریلیا نے پہلی بار افغانستان کے ہاتھوں شکست کا مزہ چکھا۔ آسٹریلیا کے خلاف شاندار کامیابی کے بعد سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے افغانستان ٹیم کی تعریف کی اور راشد خان کی کپتانی کو بھی سراہا۔ ایکس پر ایک صارف کے ٹویٹ کا جواب دیتے ہوئے مائیکل وان نے افغانستان کو ایشیا کی دوسری بہترین وائٹ بال کرکٹ ٹیم قرار دیا۔

افغان کرکٹرز کا بس میں ڈانس

آسٹریلیا پر فتح کا جشن منایا

سینٹ لوشیا (ایجنسیاں) افغان کرکٹرز نے ٹی 20 ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کیخلاف ملنے والی تاریخ فتح کا جشن ٹیم بس میں بھی جاری رکھا۔ تفصیلات کے مطابق خوشی سے سرشار افغان کرکٹرز گراؤنڈ سے ہوٹل واپسی پر اپنی بس میں بھی ڈانس کرتے رہے، ان کے کوچ ڈوائن براوو ہیں، جنھوں نے چمپئن نامی گیت گایا تھا۔ افغان ٹیم کے ڈانس کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر اتوار کو خاصی وائرل رہی ہے۔ اس سے قبل کینگروز کے خلاف شاندار فتح کے بعد بھی افغان کرکٹرز نے گراؤنڈ میں بھرپور جشن منایا تھا، پہلی بار افغان ٹیم نے آسٹریلیا کو شکست سے دوچار کیا ہے۔

جرمنی کی ٹیم یقینی شکست ٹالنے میں کامیاب

آخری لمحات میں گول داغ کر سوئٹزرلینڈ کو برابری پر روک دیا

فرینکفرٹ (جرمنی) (ایجنسیاں)

دوسرے ہاف کے انجری ٹائم میں نکولس فلکرگ کے گول نے یورو 2024 کے میچ میں جرمنی کو سوئٹزرلینڈ کے خلاف شکست سے بچالیا۔ جرمنی یورو میں سوئٹزرلینڈ کے خلاف کبھی نہیں ہارا۔ لیکن اس میچ میں وہ شکست کے بہت قریب پہنچ گئیں۔ سوئٹزرلینڈ کی جانب سے 28 ویں منٹ میں ڈین اینڈوئے نے گول کرکے اپنی ٹیم کو 0-1 سے آگے کردیا۔

جرمن ٹیم مسلسل حملے کررہی تھی۔ اس کے بعد بھی وہ گول کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ سوئٹزرلینڈ نے جرمنی کو 90 منٹ تک روکے رکھا۔ لیکن پھر انجری ٹائم کے دوسرے ہی منٹ میں متبادل کے طور پر کھیلنے والے فلکروگ نے گول کردیا۔ جرمنی نے انہیں 76 ویں منٹ میں میدان میں اتارا۔ جرمنی یورو کی میزبانی کررہا ہے اور فلکرگ کے گول سے اس کے مداحوں کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں نے بھی راحت کی سانس لی۔ بوروسیا ڈورٹمنڈ کے لیے کھیلنے والے 31 سالہ فلکروگ نے گول کیپر کو شکست دینے سے پہلے ایک محافظ کو شکست دی۔

جرمنی نے اپنے پہلے میچ میں اسکاٹ لینڈ کو 1-5 سے شکست دی۔ اس کے بعد اس نے ہنگری کے خلاف 2-0 سے فتح حاصل کی۔ یہ میچ ڈرا ہونے کے باوجود جرمن ٹیم 7 پوائنٹس کے ساتھ گروپ اے میں پہلے نمبر پر رہی۔ سوئٹزرلینڈ ایک جیت اور دو ڈرا کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ گروپ میں ٹاپ 2 پر آنے والی ٹیموں کو راؤنڈ آف 16 میں براہ راست جگہ ملتی ہے۔

اس میچ کے ساتھ ہی گروپ اے کا ایک اور میچ اسٹٹ گارٹ میں کھیلا گیا۔ اس میں اسکاٹ لینڈ کی ٹیم ہنگری کے سامنے تھی۔ ہنگری نے یہ میچ 0-1 سے جیتا۔ ہنگری کی جانب سے کیون سوبوتھ نے انجری ٹائم کے 10 ویں منٹ میں گول کیا۔ اس کے ساتھ ٹیم ٹیبل میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔

جمشید پور ایف سی نے کوچ خالد جمیل کے معاہدے میں توسیع کردی

جمشید پور (ایجنسیاں)

انڈین سپر لیگ (آئی ایس ایل) کی ٹیم جمشید پور ایف سی (جے ایف سی) نے پیر کو ہیڈ کوچ خالد جمیل کی خدمات کو اگلے دو سال تک برقرار رکھنے کا اعلان کیا۔ اے ایف سی پرو لائسنس رکھنے والے کوچ خالد 2017 میں اس وقت روشنی میں آئے جب ان کی نگرانی میں ایزول ایف سی نے آئی لیگ کا ٹائٹل جیتا تھا۔ انہوں نے گزشتہ سیزن کے وسط میں جمشید پور کے ہیڈ کوچ کا عہدہ سنبھالا تھا۔ جب وہ ٹیم میں شامل ہوئے تو جمشید پور ایف سی اپنے 11 میں سے صرف دو میچ جیت سکی۔ ان کی تقرری کے بعد ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آئی اور کلب نے واپسی کی اور 2024 کالنگا سپر کپ کے سیمی فائنل میں داخلہ لیا۔ انہوں نے جمشید پور ایف سی کے کوچ کی حیثیت سے اپنے پہلے پانچ آئی ایس ایل میچوں میں تین جیت اور دو ڈرا کا مزہ چکھایا۔ جس کی وجہ سے یہ ٹیم لیگ مرحلے کے آخری میچ تک پلے آف کی دوڑ میں شامل رہی۔ خالد نے معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد کہا ''ہم آئی ایس ایل جیتنا چاہتے ہیں، 26-2025 سیزن میں ٹیم سخت تیاری کے ساتھ اترے گی اور کارنامہ کو انجام دے گی۔ ہمارے مداح ٹیم کی زبردست حمایت کے لیے اس کے مستحق ہیں۔'' کلب کا پری سیزن کیمپ جولائی میں شروع ہوگا۔